باب
4

# عوامی مقامات کے آداب

## ریلوے اسٹیشن



1۔ ریل گاڑی کے ڈبے میں سوار ہونے سے پہلے اُترنے والوں کو موقع دیں۔ جہاں اُترنے اور چڑھنے کے الگ الگ دروازے ہوں، وہاں صرف متعلقہ دروازہ ہی استعمال کریں۔

2۔ خواتین، بچوں، معذور افراد اور بزرگوں کا احترام کریں اور انھیں بیٹھنے کی جگہ پہلے دیں۔

3۔ ڈبے میں نشست پر بیٹھے ہوئے دوسرے لوگوں کے اخبارات و رسائل اجازت کے بغیر نہ پڑھیں۔

4۔ کھڑا ہونا پڑے تو مناسب فاصلہ رکھیں اور دروازے کے سامنے کھڑے نہ ہوں۔

5۔ بیگ یا سوٹ کیس سیٹ پر نہ رکھیے۔ ٹانگیں پھیلا کر نہ بیٹھیے۔

6۔ ریل کے ڈبّے میں میوزک اور موبائل کا استعمال اونچی آواز میں نہ کریں، گفتگو، ہنسی مذاق یا شور شرابہ نہ کیجیے۔

7۔ ڈبے میں دھکّے دے کر راستہ نہ بنائیے۔ کسی سے کوئی چیز لے کر نہ کھائیں۔

8۔ قلی آپ کا سامان اٹھائے تو اس کے پیچھے چلیے اور اسے تیز چلنے پر مجبور نہ کریں۔

9۔ ہمیشہ ریل کا ٹکٹ لے کر سفر کریں بغیر ٹکٹ سفر کرنا مشکلات مبتلا کر سکتا ہے بہتر ہے اور قانوناً جرم بھی ہے۔

10۔ ریل گاڑی دیر سے آنے کی صورت میں سٹیشن پر موجود انتظار گاہ میں بیٹھیں۔

11۔ ریلوے اسٹیشن اور ریل گاڑی میں نشہ آور اشیا سے پرہیز کریں۔

12۔ ریلوے اسٹیشن اور ریل میں سفر کے دوران صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

13۔ ریل میں سفر کے دوران اپنے سامان کی حفاظت کا خاص خیال رکھیں۔

14۔ ریل میں سفر کے دوران ریل کے دروازے پر مت کھڑے ہوں۔

15۔ ریلوے اسٹیشن پر ہونے والے اعلانات کو غور سے سنیں اور اپنے مطلوبہ پلیٹ فارم نمبر پر ٹرین آنے سے پہلے پہنچ جائیں۔

# بس اسٹینڈ:



مقامی اور شہروں کے مابین چلنے والی گاڑیوں اور بسوں میں سفر کے تقاضے، سہولیات اور آداب ایک دوسرے سے قدرے مختلف ہوتے ہیں۔ تاہم آپ مجموعی طور پر ان آداب کا خیال رکھیں۔

1۔ اندرونِ شہر چلنے والی بسوں میں چند سیٹیں معذوروں اور خواتین کے لیے مخصوص ہوتی ہیں۔ ان کے استحقاق کا خیال رکھیں۔

2۔ خواتین، معذور افراد، بچوں اور بزرگوں کو سیٹ پر بیٹھنے دیں۔ طلبہ خاص طور پر اس بات کا خیال رکھیں کہ ہمارے تہذیبی، مذہبی اور معاشرتی آداب میں بزرگوں اور خواتین کا خیال رکھا جاتا ہے۔ بسوں میں بھی ان کا خیال رکھیں۔

3۔ مقامی بسوں میں کھڑے ہو کر سفر کرنا پڑے تو ایک دوسرے سے مناسب فاصلہ رکھیں۔

4۔ بس میں سوار ہوتے وقت قطار بنا کر سوار ہوں اور ایک دوسرے کو دھکے نہ دیجیے۔

5۔ خواتین کے لیے بسوں میں مرد ہرگز داخل نہ ہوں۔

6۔ اگر آپ کو قے آنے کی شکایت ہو، تو گھر سے پلاسٹک کا خالی بیگ اپنے ساتھ لائیں۔

7۔ سردی یا بارش کی صورت میں شیشے بند رکھیں۔ اگر گاڑی میں ایئر کنڈیشنر لگے ہوں تو بھی شیشے اور دروازے بند رکھیں اور پردے نہ ہٹائیں۔ عام حالات میں شیشے کھلے رکھیں۔

8۔ عام طور پر طلبہ بسوں کے دروازوں میں کھڑے ہو کر یا لٹک کر سفر کرتے ہیں۔ اس سے پرہیز کریں یہ طریقہ غیر مہذب ہی نہیں خطرناک بھی ہے۔ بس میں کسی سے کوئی چیز لے کر نہ کھائیں۔

10۔ ناگزیر صورت میں موبائل فون پر گفتگو دھیمے لہجے میں کیجیے۔ کبھی بھی بس کی چھت پر یا دروازے میں لٹک سفر نہ کریں۔

11۔ بس اسٹینڈ اور بس میں نشہ آور اشیا سے پرہیز کریں۔

12۔ پریشانی سے بچنے کے لیے ہمیشہ وقت سے پہلے بس اسٹینڈ پر پہنچ جائیں۔

13۔ بس اسٹینڈ پر ہونے والے اعلانات کو توجہ سے سنیں اور بس اسٹینڈ پر عملے کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

14۔ بس میں سفر کے دوران کسی کے ساتھ اپنی ذاتی معلومات کو شیئر نہ کریں۔

## ہوائی اڈا:




1۔ ریل یا بس کی نسبت ہوائی سفر میں زیادہ سہولتیں میسر آتی ہیں لیکن اندرون ملک یا بیرون ملک ہوائی سفر کے لیے اصول وضوابط اور قوانین خاصے سخت ہوتے ہیں۔ ان ضابطوں کا پورا پورا خیال رکھیے۔

2۔ سیکورٹی کا عملہ آپ کے تحفظ کے لیے ہے۔ ان سے کھلے دل سے تعاون کیجیے، بار بار اور مکمل چیکنگ اگر ناگوار گزرے تو بھی اعتراض نہ کیجیے بلکہ سیکورٹی کے عملے سے تعاون کیجیے۔

3۔ جو اشیا ہوائی سفر میں لے جانا منع ہے اس سے پرہیز کریں۔

4۔ سیکورٹی عملے کے سوالات کے جوابات درست دیجیے۔

5۔ دھند یا موسمی خرابی کی وجہ سے پرواز میں تاخیر ہوجاتی ہے ایسے حالات میں صبروتحمل سے کام لیجیے اور اگر کسی ناگزیر صورت میں پرواز منسوخ ہوجائے تو عملے کے ساتھ لڑائی جھگڑا نہ کریں۔ اس میں ہوائی عملہ قصوروار نہیں ہوتا۔ ہر مسئلے کا ایک قانونی اور اخلاقی حل ہوتا ہے آپ بھی وہی اختیار کریں۔

6۔ اپنا رویہ ہر صورت میں شائستہ رکھیے۔

7۔ اگر کسی ناگزیر صورت میں آپ کو مربوط پرواز (Connecting Flight) نہ مل سکے تو پریشانی کے عالم میں اخلاق کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیے۔ آپ کا استحقاق ہے کہ آپ اگلی پرواز سے جا سکتے ہیں اور آپ کو ہوائی کمپنی والے قوانین کے مطابق سہولت دیں گے۔

8۔ اپنے کاغذات وغیرہ مکمل حالت میں رکھیں اور جب تک منزل پر نہ پہنچ جائیں، انھیں دستی بیگ میں اپنے پاس پوری حفاظت سے رکھیے۔

9۔ جوتے ایسے پہنیں بوقتِ ضرورت آسانی سے اتروائے جاسکیں۔

10۔ انتظار گاہ میں صرف ایک نشست استعمال کریں۔ بھیڑ کی صورت میں بزرگوں، حاملہ خواتین، معذور افراد اور بچوں کو جگہ دیں۔

## بازار (مارکیٹ):

مارکیٹ اور بازار کاروباری مراکز ہیں۔ یہاں وسیع پیمانے پر لوگوں کی آمدورفت اور چیزوں کی خریداری کی جاتی ہے۔ اس طرح

جہاں بہت سے لوگ اپنے مفادات کے لیے اکٹھے ہوں وہاں قانون کی عملداری کے علاوہ اخلاقی تقاضے بھی بڑھ جاتے ہیں۔ مارکیٹ میں گاہکوں اور دکانداروں کو ان آداب کا خیال رکھنا چاہیے۔

1۔ گاڑی مارکیٹ میں مقررہ یا ایسی جگہ کھڑی کریں جہاں وہ دوسروں کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے۔

2۔ بعض اوقات افراد کی بھیڑ اور خریداروں کی کثرت کی وجہ سے خریداری کے لیے قطار بنانا پڑتی ہے ایسی صورت میں قطار میں شامل رہ کر مطلوبہ اشیا خریدیں۔

3۔ خواتین کا احترام کریں اور ان کے ساتھ زیادہ شائستگی اور نرمی سے پیش آئیں۔

4۔ جہاں کاروباری طبقے کے لیے ضروری ہے کہ امانت اور دیانت کا چلن عام کریں وہاں گاہکوں کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ غلطی سے فالتو رقم آ جانے پر اُسے دُکان دار کو فوراً واپس کر دیں اور اخلاق قدروں کا خیال رکھیں۔

5۔ سودے بازی میں باہمی عزّت واحترام کا خیال رکھیں۔ کسی بھی لمحے شائستگی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔

6۔ کاروبار میں ناپ تول کو پورا رکھیں اور نقائص کو نہ چھپائیں بلکہ گاہک کو بتا دیں کہ اس مال میں یہ خامی موجود ہے۔

7۔ خاص تہواروں کے موقع پر بازاروں اور بڑے شاپنگ مالز میں رش بڑھ جاتا ہے اس لیے اپنی چیزوں اور چھوٹے بچوں کا خاص خیال رکھیں۔



## مشق

### (الف) مفصل جوابات لکھیں۔

1- عوامی مقامات پر آداب کی افادیت بیان کریں۔

2- درج ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(i) بس میں سفر کے آداب　　(ii) ہوائی اڈے کے آداب

### (ب) سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

1- آداب ایک فرد کو کیا دیتے ہیں؟

2- آداب معاشرے کے لیے کیوں کر مفید ہیں؟

3- قلّی سے سامان اٹھواتے وقت کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟

4- دھند یا خراب موسم کی وجہ سے پرواز میں تاخیر ہو تو ہمارا رویہ کیسا ہونا چاہیے؟

5- موبائل فون کے استعمال کے آداب کیا ہیں؟

### (ج) درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

1- ریل کے ڈبّے میں......................نہ دیں۔

(ا) دھکے　(ب) سامان　(ج) فاصلہ　(د) ا،ب،ج

2- بس میں ......................کے مخصوص حصّہ میں مرد داخل نہ ہوں۔

(ا) بچے　(ب) معذور　(ج) خواتین　(د) ا،ب،ج

3- ہوائی اڈے پر سیکورٹی عملے کے ساتھ...................... کریں۔

(ا) بات چیت　(ب) تعاون　(ج) لڑائی جھگڑا　(د) ا،ب،ج

4- شائستگی...................... کا نام ہے۔

(ا) مذہب　(ب) آداب　(ج) تعلیم یافتہ ہونے　(د) ا،ب،ج

5- دُکان پر بھیڑ زیادہ ہو تو......................بنائیں۔

(ا) قطار　(ب) اخلاق　(ج) باتیں　(د) ا،ب،ج

(د) خالی جگہ پُر کریں۔

-1 ہوائی اڈا پر......................کے عملے سے خوش دلی سے تعاون کیجیے۔

-2 کاروبار میں ...................... کو پورا رکھیں۔

-3 ہوائی اڈا پر......................کے عملے سے خوش دلی سے تعاون کیجیے۔

-4 نشست پر......................پھیلا کر نہ بیٹھے۔

(ہ) طلبہ کے لیے سرگرمیاں:

-1 کمرہ جماعت کے آداب کیا ہیں؟ گروہی مباحثے کے بعد اہم نکات خوش خط لکھ کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں اور تمام طلبہ ان آداب پر عمل کریں۔

-2 آداب کے فائدے کے عنوان سے چند اہم فوائد خوش خط لکھیے اور نمایاں جگہ پر چسپاں کیجیے۔

-3 بچوں کو مہذب بنانا ہے تو ان سے مقررہ آداب کی پابندی کرائیے۔ آداب پر عمل کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

☆☆☆☆